AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹوایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 جمعرات 6 رجب المرجب 1445ھ 18 جنوری 2024ء 5 ماگھ 2079 ب شمارہ نمبر 223

پاکستان کو آئی ایم ایف سے 70 کروڑ ڈالر کی قسط موصول یو اے ای نے بھی قرض رول اوور کر دیا

پاکستان کو اب تک 1.9 ارب ڈالر کی رقم موصول ہو چکی ہے، اگلے اقتصادی جائزے کی کامیابی کیساتھ تکمیل کی صورت میں آخری اقتصادی جائزے کے بعد پاکستان کو مزید 1.1 ارب ڈالر ملیں گے

یو اے ای کی جانب سے پاکستان کا قرضہ جون 2025 تک کیلئے رول اوور کیا گیا ہے، جو قرض رول اوور کیا گیا ہے یہ رواں ماہ میچیور ہونے پر واپس کرنا تھا جسکی واپسی اب جون 2025 تک موخر ہوگئی ہے

اسلام آباد(بیورورپورٹ) پاکستان کو بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے 70 کروڑ ڈالر کی اگلی قسط موصول ہوگئی جبکہ متحدہ عرب امارات نے بھی حکومت کی درخواست پر 2 ارب ڈالر قرض رول اوور کر دیا ہے جس کے بعد ملکی ذرمبادلہ کے ذخائر میں بھی اضافہ ہوگیا ہے۔ وزارت خزانہ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹیو بورڈ نے گزشتہ ہفتے اقتصادی جائزے کی منظوری کے ساتھ اسٹاف سطح کے معاہدے اور اگلی قسط جاری کرنے کی منظوری دی تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان کو اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ پروگرام کے تحت اب تک 1.9 ارب ڈالر کی رقم موصول ہوچکی ہے جبکہ اگلے اقتصادی جائزے کی کامیابی کے ساتھ تکمیل کی صورت میں آخری اقتصادی جائزے کے بعد پاکستان کو مزید 1.1 ارب ڈالر ملیں گے جس کے لیے اگلے ماہ مذاکرات (بقیہ نمبر1)

اردن کے سفیر کی وزیر دفاع سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

دفاعی تعاون کے تمام شعبوں یعنی فوجی تربیت، سلامتی اور دفاعی صنعت میں ایک اہم صلاحیت موجود ہے

راولپنڈی (این این آئی) اردن کے سفیر ڈاکٹر معین خراست نے وزارت دفاع راولپنڈی میں وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) انور علی حیدر سے ان کے دفتر میں ملاقات کی جس میں وزیر دفاع نے معزز مہمان کا خیر مقدم کیا اور دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ برادرانہ تعلقات کو سراہا۔ وزیر دفاع نے دفاعی صنعت، بالخصوص دفاعی ٹیکنالوجی میں مشترکہ پیداوار اور مہارت کے اشتراک کے ذریعے (بقیہ نمبر 2)

ڈیووس: نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کی بیلجیئم کے ہم منصب الیگزینڈر ڈے کرو سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے میجر محمد اسحاق شہید فلائی اوور کا سنگ بنیاد رکھ دیا

گلبرگ سے والٹن تک ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنانے کے لئے برج بنا رہے ہیں جو 15 فروری تک مکمل ہو جائے گا

بڑی امید ہے کہ میجر محمد اسحاق فلائی اوور 120 دن سے قبل مکمل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے، نگران وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (سپیشل رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے میجر محمد اسحاق شہید فلائی اوور کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ میجر محمد اسحاق شہید فلائی اوور والٹن منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا میجر محمد اسحاق شہید فلائی اوور بننے سے والٹن روڈ سگنل فری ہو جائے گا، پہلے والٹن (بقیہ نمبر 3)

غزہ میں جنگ 2025 تک جاری رہ سکتی ہے: نیتن یاہو

وزیر اعظم نیتن یاہو نے غزہ کی سرحدہ پر یہودی آبادکاروں کی واپسی کے منصوبے کی بھی منظوری دیدی

تل ابیب (ویب ڈیسک) اسرائیل کے وزیر اعظم نیتن یاہو نے امکان ظاہر کیا ہے کہ غزہ میں حماس کے خلاف جنگ ا؟ ئندہ برس تک جاری رہ سکتی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیل کے کمانڈ سینٹر میں جنگی کونسل کے کابینہ اراکین اور مقامی کونسلوں کے (بقیہ نمبر 5)

بانی پی ٹی آئی، شاہ محمود قریشی، پرویز الٰہی کی کاغذات مسترد کرنے کیخلاف درخواستیں خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی، شاہ محمود قریشی، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی ، حماد اظہر اور صنم جاوید کی (بقیہ نمبر 4)

پاکستان نے ایران سے اپنا سفیر واپس بلا لیا

ایرانی سفیر کو ملک بدر کرنے کا اعلان

ایران کی طرف سے پاکستان کی خودمختاری کی خلاف ورزی عالمی قانون کی خلاف ورزی ہے، یہ غیر قانونی عمل مکمل طور پر نا قابل قبول ہے، پاکستان اس غیر قانونی اقدام کا جواب دینے کا حق محفوظ رکھتا ہے

آنے والے دنوں میں پاکستان اور ایران کے درمیان جاری یا طے شدہ دورے بھی معطل، پیغام ایرانی حکومت تک پہنچا دیا گیا، چین کی وزارت خارجہ کی جانب سے ایران اور پاکستان سے تحمل سے کام لینے کی اپیل

اسلام آباد/بیجنگ (این این آئی) پاکستان نے ایران سے اپنے سفیر کو بلانے اور ایرانی سفیر کو ملک بدر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کی طرف سے پاکستان کی خودمختاری کی خلاف ورزی عالمی قانون کی خلاف ورزی ہے، یہ غیر قانونی عمل مکمل طور پر نا قابل قبول ہے ، پاکستان اس (بقیہ نمبر6)

راجہ پرویز اشرف کا سرحدی حدود کی خلاف ورزی کی شدید مذمت

ایران کی جانب سے پاکستان حدود کی سرحدی خلاف ورزی غیر ذمہ دارانہ اور نا قابل قبول فعل ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے ایران کی جانب سے پاکستان کی سرحدی حدود کی خلاف ورزی کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اسپیکر نے میزائل حملے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور متاثرہ خاندانوں کے (بقیہ نمبر7)

امریکا اسرائیل گٹھ جوڑ بے نقاب: غزہ میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر قرارداد مسترد

واشنگٹن (ویب ڈیسک) غزہ میں اسرائیل کی جانب سے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی تحقیقات کے لیے امریکی سینیٹ (بقیہ نمبر 8)

لاہور: مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف ماڈل ٹاؤن میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

عمران خان اپنے خیالات نہیں پر تشدد واقعات میں کردار کے باعث جیل میں ہیں نگران وزیر اعظم

الیکشن 8 فروری کو اپنے وقت پر ہوں گے، پاکستان میں عبوری جمہوریت ہے اور عبوری جمہوریتوں کو داخلی چیلنجز کا سامنا رہتا ہے، انوار الحق کاکڑ

افغانستان میں امریکی انخلا کے بعد امریکی اسلحہ بلیک مارکیٹ میں فروخت ہوا جو غیر ریاستی عناصر کے ہاتھ لگ گیا، جس کے نتیجے میں نہ صرف ہمارے خطے بلکہ مشرق وسطی پر بھی مضمرات مرتب ہوں گے

ڈیووس (ویب ڈیسک) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ عمران خان اپنے سیاسی خیالات کی وجہ سے نہیں بلکہ جلاؤ گھیراؤ پر اکسانے کیوجہ سے جیل میں بند ہیں۔ نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے عالمی اقتصادی فورم میں شرکت کے دوران سی این بی سی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن 8 فروری کو اپنے وقت پر ہوں گے، پاکستان میں عبوری جمہوریت ہے اور عبوری جمہوریتوں کو داخلی چیلنجز کا سامنا رہتا ہے۔ پی ٹی ا?ئی کے الزامات کے بارے میں انہوں نے کہا کہ میں یہ نہیں کہہ رہا کہ ہم ایک مثالی جمہوریت میں رہ رہے ہیں تاہم کچھ خدشات موجود ہیں، ہم جتنا ہو سکے گا کوشش کریں گے کہ لوگوں کو اپنی مستقبل کی قیادت کے انتخاب کا موقع فراہم کریں۔ انوار الحق کا کہنا تھا کہ عمران خان اپنے سیاسی خیالات کی وجہ سے جیل میں نہیں بلکہ 9 مئی کے فسادات میں مبینہ طور پر ملوث ہونے اور اپنے کارکنوں کو جلاؤ (بقیہ نمبر9)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی میجر محمد اسحاق شہید فلائی اوور کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

ن لیگ کا انتخابی مہم شروع کرنیکا اعلان الیکشن ملک کی تقدیر کا فیصلہ کریں گے شہباز شریف

2018 میں شیر کا نشان چھینا گیا، جسٹس ثاقب نثار کے ذریعے نواز شریف حکومت کا تختہ نہ الٹا جاتا تو پاکستان آج مشکلات میں گھرا نہ ہوتا، شہباز شریف

ملکی ترقی کے لیے بہتر کام کریں گے، دیوالیہ ہو جاتے تو روٹی تو دور ادویات تک نہ مل پاتیں، الیکشن کی آمد آمد ہے 8 فروری کو عوام اپنے ووٹ سے فیصلہ کریں گے

لاہور (سپیشل رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے انتخابی مہم کا آغاز کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ الیکشن پاکستان کی تقدیر کا فیصلہ کریں گے۔ صحافیوں سے گفتگو کے دوران انہوں نے کہا کہ 2018 میں شیر کا نشان چھینا گیا، جسٹس ثاقب نثار کے ذریعے نواز شریف حکومت کا تختہ نہ الٹا جاتا تو پاکستان آج مشکلات میں گھرا نہ ہوتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نواز شریف چند روز میں ن لیگ کے منشور سے متعلق ا؟ گاہ کریں گے، ہم ملک کر محنت کرکے ملک کو پاؤں پر کھڑا کریں گے، 8 فروری کو سفر جسے 2017 میں ڈنڈے اور بلے سے ختم کیا گیا دوبارہ شروع کریں گے۔ صدر ن لیگ نے کہا کہ سیاست داؤ پر لگا دی لیکن کوئی ملال نہیں، سیاست بچ گئی سیاست بھی بچ جائے گی، اربوں ڈالر سے سالانہ گیس، تیل، منگواتے ہیں، نوجوان ملک کو ترقی دلا سکتے ہیں، زراعت پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی ہے بدقسمتی سے اس (بقیہ نمبر10)

بدین: چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو ریلی سے خطاب کر رہے ہیں

شیخ رشید کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ بھیج دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر ریلوے اور داخلہ شیخ رشید کو 14 روزہ جوڈیشل (بقیہ نمبر11)

پاکستان آذربائیجان سے مزید ایل این جی خریدنے میں کامیاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان آذربائیجان سے مزید مائع قدرتی گیس (ایل این جی) خریدنے میں کامیاب ہوگیا ہے۔ میڈیا (بقیہ نمبر 12)

ہماری حکومت کی فارن پالیسی بہترین تھی، بیرسٹر گوہر خان

انتخابات صاف اور شفاف ہونے چاہئیں، جب الیکشن ہوں تب زور زبردستی والے راستے اختیار نہ ہوں

راولپنڈی (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ ہماری حکومت کی فارن پالیسی بہترین تھی، تمام ممالک سے اچھے تعلقات تھے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ بلاول وزیر خارجہ بنے تو افغانستان نہیں گئے، بلاول جاپان (بقیہ نمبر13)

معاون ٹیکنالوجیز تک عالمگیر رسائی یقینی بنانا ہوگی، بیگم ثمینہ علوی

عالمی رہنما قومی منصوبوں اور پائیدار ترقی کے اہداف کی حکمت عملیوں میں معاون ٹیکنالوجی کے انضمام کو ترجیح دیں

ڈیووس (این این آئی) خاتون اول بیگم ثمینہ علوی نے عمر رسیدہ، معذوری اور غیر متعدی امراض میں مبتلا افراد کے لئے معاون ٹیکنالوجی تک عالمگیر رسائی کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے عالمی رہنماؤں (بقیہ نمبر14)

چیئرمین سینٹ سے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کی ملاقات

فنڈز کے اجراء کا معاملہ ایوان بالاء کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو بھجا جائے گا، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان گلبر خان نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملکی مجموعی صورتحال سمیت سیاحت (بقیہ نمبر15)

کراچی: نگراں وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب میں 19 سیاستدانوں کو سیکیورٹی تھریٹس ہیں، آئی جی پنجاب

صوبے میں انتخابات کے لیے امن و امان، حالات سازگار ہیں، عثمان انور کی گفتگو

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پنجاب میں 19 سیاستدانوں کو سیکیورٹی تھریٹس ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر کی زیر صدارت انتخابات کے (بقیہ نمبر 16)

عوام کو ماضی کی طرح مستقبل میں بھی مایوس نہیں کریں گے، حمزہ شہباز

مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر کی زیر صدارت انتخابات کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر و سابق وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 17)

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر حمزہ شہباز

ایران کی پاکستانی میں جارحیت کو جیش العدل پر حملہ قرار دینے کی ناکام کوشش

اسلام آباد (این این آئی) ایران کی پاکستانی حدود میں جارحیت کی حقیقت سامنے آگئی، حملہ کرکے ایرانی فورسز نے اسے (بقیہ نمبر 18)

پنجاب میں انتظامیہ ہمارے فلیکس، بینرز اتار رہی ہے، شرجیل میمن

(ن) لیگ ہمارے منصوبوں کا کریڈٹ لیتی ہے، سب جانتے ہیں علاج کیلئے (ن) لیگ کی قیادت کہاں جاتی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈیجیٹل میڈیا ہیڈ شرجیل انعام میمن نے الزام عائد کیا ہے کہ پنجاب میں انتظامیہ ہمارے فلیکس اور بینرز اتار رہی ہے، الیکشن کمیشن نوٹس لے ،(بقیہ نمبر 19)

وزارت خزانہ کا پی ایس او کو 30 ارب روپے جاری کرنیکا فیصلہ

ایس این جی پی ایل 30 ارب روپے کی رقم ملتے ہی پی ایس او کو فوری ادا کرے گی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے رواں ہفتے کے دوران پی ایس او کو 30 ارب روپے جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق پی ایس او کو ادائیگیوں کیلئے (بقیہ نمبر20)

جو ہر بار ناکام وزیر اعظم رہے اسے کس خوشی میں چوتھا موقع دیا جائے

بلاول بھٹو زرداری

عوام 8 فروری کو پاکستان پیپلز پارٹی کو بھاری اکثریت سے جتوائے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

میں اپنا منشور لے کر سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں عوام کے پاس جا رہا ہوں، بدین میں جلسے سے خطاب

بدین (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قوم پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوام 8 فروری کو پاکستان پیپلز پارٹی کو بھاری اکثریت سے جتوائے، میں وزیر اعظم بن کر مہنگائی، بے روزگاری اور غربت کا مقابلہ کروں گا۔ بدین کے قریب راہو کی میں شہید محمد فاضل راہو کے یوم شہادت پر منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ میں اپنا منشور لے کر سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان (بقیہ نمبر 28)

خدمات کے شعبے کے تجارتی خسارے میں سالانہ بنیادوں پر اضافہ

6 ماہ میں خدمات کے شعبے کا تجارتی خسارہ 1.430 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو 430 فیصد زیادہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) خدمات کے شعبے کے تجارتی خسارے میں مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد و (بقیہ نمبر30)

لاہور: صوبائی وزیر تعلیم منصور قادر اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی عام انتخابات سے دستبردار

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اعظم سواتی 8 فروری کو (بقیہ نمبر 29)

پاکستانی کمپنی کا عالمی کمپنی سے خصوصی اقتصادی زونز کے قیام و ترقی کا معاہدہ

اسلام آباد (این این آئی) عالمی کمپنی ڈی پی ورلڈ اور پاکستانی کمپنی جے ڈبلیو ہولڈ (بقیہ نمبر 31)

ایم کیو ایم کا میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانی نتائج کیخلاف احتجاج کا اعلان

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان نے کراچی میں میٹرک اور انٹرمیڈیٹ (بقیہ نمبر32)

عام انتخابات 8 فروری کو ہی ہوں گے چیف الیکشن کمشنر

چیف الیکشن کمشنر کی زیر صدارت اجلاس ہوا، چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹریز، آئی جیز اور سیکرٹری داخلہ سمیت دیگر حکام نے شرکت کی

انتخابات کے انعقاد کیلئے تمام انتظامات مکمل ہیں، ہر قسم کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام تر پیش بندی اور تیاری مکمل ہے، بریفنگ

اسلام آباد (بیورورپورٹ) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے ایک بار پھر اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ملک بھر میں عام انتخابات 8 فروری کو ہی ہوں گے۔ الیکشن کمیشن کے اعلامیے کے مطابق چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت عام انتخابات کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹریز، آئی جیز اور سیکرٹری داخلہ سمیت دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: چیف الیکشن کمشنر راجہ سکندر سلطان ملک بھر میں عام انتخابات کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایران واقعہ پر ردعمل سوشل میڈیا کے تقاضوں پر نہیں دینا مرتضیٰ سولنگی

ایران کا حملہ غیر معمولی واقعہ ہے، یہ بچوں کا کھیل نہیں ریاستوں کے درمیان کا معاملہ ہے، متعلقہ حکام اس پر غور کر رہے ہیں

دعا ہے کہ 8 فروری کو جو گروپ حکومت بنائے وہ سنجیدگی سے کام کرے، جو حکومت آئے وہ لوگوں کو جوڑے، توڑے نہیں

اسلام آباد (بیورورپورٹ) نگراں وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی نے کہا ہے کہ ایران کا حملہ غیر معمولی واقعہ ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں نگراں وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی کا کہنا تھا کہ ایران واقعہ پر رد عمل سوشل میڈیا کے تقاضوں پر نہیں دینا۔ یہ بچوں کا کھیل نہیں ریاستوں کے درمیان کا معاملہ ہے۔ نگراں وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایران کا حملہ غیر معمولی واقعہ ہے۔ وزارت خارجہ نے رد عمل دیا اور ایرانی ناظم الامور کو طلب کیا۔ یہ ابتدائی رد عمل (بقیہ نمبر 21)

جاپان کی جانب سے پاکستان انسداد پولیو پروگرام کیلئے 3.62 ملین ڈالر گرانٹ کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) حکومت جاپان نے پاکستان میں پولیو کے خاتمے کے (بقیہ نمبر 22)

مراد سعید کے کاغذات نامزدگی سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما مراد سعید کے کاغذات نامزدگی سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ (بقیہ نمبر 24)

9 مئی کیسز، عمران خان کی درخواست ضمانت، پراسیکیوٹرز کی عدم حاضری پر عدالت کا اظہار برہمی

راولپنڈی (این این آئی) نو مئی پر تشدد واقعات کے مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی درخواست ضمانتوں پر سماعت بیس جنوری تک ملتوی کر دی (بقیہ نمبر25)

گلوبل فنڈ آئندہ تین سال کے دوران پاکستان کو 281.5 ملین ڈالر کی خصوصی گرانٹ دے گا، ڈاکٹر جمال ناصر

لاہور (این این آئی) وزیر پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ کیئر پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر نے بتایا ہے کہ گلوبل فنڈ آئندہ تین سال کے دوران پاکستان کو 281.5 ملین ڈالر کی خصوصی (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد، پرامن انتخابات کیلئے تھری لیئر سیکیورٹی پلان پر عملدرآمد شروع

فورسز کی تعیناتی کی حتمی منظوری وزارت داخلہ سے لی جائے گی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پرامن انتخابات کے لیے وفاقی پولیس نے تھری لیئر سیکیورٹی پلان پر عملدرآمد شروع کر دیا۔ شہر اقتدار میں 150 پولنگ اسٹیشنز کو انتہائی حساس قرار دیا گیا ہے، 450 سے زائد عمارتوں کو پولنگ اسٹیشنز کے طور پر استعمال (بقیہ نمبر23)

لاہور: سابق صدر آصف زرداری کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں براہ راست بیرونی سرمایہ کاری میں ریکارڈ اضافہ

دسمبر 2023 میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں 640 فیصد کا تاریخی اضافہ ہوا

لاہور (این این آئی) پاکستان میں براہ راست بیرونی سرمایہ کاری میں ریکارڈ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق دسمبر 2023 میں پاکستان میں 21 کروڑ ڈالر کی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری آئی، دسمبر 2022 کی نسبت دسمبر 2023 میں براہ راست غیر ملکی (بقیہ نمبر27)

اسلام آباد: وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوارالحق سے چیئرمین پبلک سروس کمیشن لیفٹیننٹ جنرل (ر) ہدایت الرحمان ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء

بانی چیئر مین عمران خان کا پلان بی؟

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئر مین عمران خان نے کہا ہے کہ پلان سی بھی موجود ہے اور 8 فروری کو انہیں جھٹکا لگے گا، اسی لیے یہ ڈرے ہوئے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی نے اڈیالہ جیل میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ چیف جسٹس مسلمان ہیں اور مسلمانوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ دشمنوں سے اتنی بھی نفرت نہ کرو کہ انصاف نہ کر سکو، قران سب کے لیے ہے اور ہمارا کام ہے یاد کروانا، انصاف کے نظام پر یقین نہیں، چاہتا ہوں کارروائی براہ راست دکھائی جائے تا کہ قوم کو پتا چلے کہ کیا ہو رہا ہے۔ عمران خان نے کہا کہ لندن پلان کے تحت جمہوریت کو روندا جا رہا ہے، انتخابی مہم شروع ہونے کے باوجود لوگوں کو اٹھایا جا رہا ہے، 9 مئی واقعات میں عورتوں اور بچوں کو جیلوں میں ڈالا گیا، کیپیٹل ہل واقعے میں سی سی ٹی وی کی مدد سے لوگوں کو پکڑا گیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ کور کمانڈر ہاؤس، اسلام اباد ہائی کورٹ اور جی ایچ کیو کی سی سی ٹی وی فوٹیج کس نے چوری کی، لوگ بے وقوف نہیں وہ جانتے ہیں کہ فوٹیج چوری کرنے کے وسائل کس کے پاس ہیں، 9 مئی لندن پلان معاہدے کا حصہ ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کے دوران عمران خان نے کہا کہ لوگوں کو اغوا کر کے تشدد کیا جاتا ہے اور اگر وہ نہیں مانتے تو آئی سی یو پہنچ جاتے ہیں، الیکشن کمیشن، پولیس، وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) سب لندن معاہدے کا حصہ ہیں۔ 'ہمارے پاس پلان سی موجود ہے' بانی چیئر مین پی ٹی آئی نے کہا کہ پی ٹی آئی کی پہلے اور دوسرے درجے کی قیادت کو اڑا دیا گیا، انتخابی نشان لے لیا گیا لیکن 8 فروری کو انہیں جھٹکا لگنے والا ہے اور یہ ڈرے ہوئے ہیں، عوام کو نہیں روکا جا سکتا اسی لیے یہ ڈرے ہوئے ہیں۔ عمران خان نے کہا کہ پلان سی بھی موجود ہے اور ایک اور پلان بھی بنا ہوا ہے، حکومت گرائے جانے کے باوجود جنرل باجوہ سے مذاکرات کیے، جنرل باجوہ سے کہا تھا کہ فری اینڈ فیئر انتخابات مسائل کا حل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جنرل باجوہ نے کہا تھا کہ اچھے غلاموں کی طرح سائفر کی بات نہ کرو ورنہ مقدمات کی بارش ہوگی، کیا حکومت گرانے کی سازش کو بے نقاب کرنا غداری ہے، سیاسی استحکام کے لیے صاف اور شفاف انتخابات ضروری ہیں۔ 'میرا یا بشریٰ بی بی کا طاقت ور حلقوں میں سے کسی سے رابطہ نہیں ہے' انھوں نے کہا کہ ملک صرف سرمایہ کاری سے اس دلدل سے نکل سکتا ہے جو سیاسی استحکام کے بغیر ممکن نہیں ہے، بیرون ملک ایک کروڑ پاکستانی ہیں جن کی سرمایہ کاری سے یہ ملک مستحکم ہو سکتا ہے، ہم کہہ کہہ کر تھک چکے ہیں کہ 9 مئی کے واقعات پر آزادانہ انکوائری کروائی جائے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ فوج کے خلاف کبھی کچھ نہیں کیا، جب مجھ پر گولیاں چلی ہم نے اس وقت بھی کچھ نہیں کیا، کئی لوگوں پر اتنا ظلم کیا گیا کہ وہ پارٹی چھوڑنے پر مجبور ہو گئے اور کئی لوگوں کے پارٹی چھوڑنے پر شکر ادا کیا۔ اس دوران ان کا کہنا تھا کہ بیرسٹر گوہر خان کے گھر کے دروازے توڑ کر بھی گھر میں گھس گئے، شیخ رشید نے بڑا ساتھ دیا، پارٹی کے اندر سے دباؤ تھا کہ جنہوں نے پریس کانفرنس کی انھیں ٹکٹ نہیں دیا جا سکتا۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ میرا یا بشریٰ بی بی کا طاقت ور حلقوں میں کسی سے رابطہ نہیں، چیف الیکشن کمشنر نے وہ حرکتیں کیں جو آج تک کسی نے نہیں کیں، بزدل دشمن کی کوئی اخلاقیات نہیں ہوتیں وہی حرکتیں الیکشن کمیشن نے کی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ لوگ جب فیصلہ کر لیتے ہیں تو پھر جو مرضی پروپیگنڈا کیا جائے کامیاب نہیں ہوتا، قانون ہے کہ الیکشن کمیشن نے 90 روز میں الیکشن کروانے ہوتے ہیں، دو صوبوں میں حکومتیں تحلیل کیں لیکن 90 روز میں الیکشن نہیں ہوئے، اکتوبر میں انتخابات ہونا تھے تب بھی نہیں ہوئے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ آئین کی خلاف ورزی پر آرٹیکل 6 لگتا ہے، نہ بلا رہا نہ بلے باز تو اب کیوں ڈرے ہوئے ہیں، پلان سی کے بارے میں 8 فروری کو پتا چل جائے گا، پی ٹی آئی کی انڈر 16 ٹیم کو بھی انتخابی مہم نہیں چلانے دی جا رہی ہے۔ پارٹی کی انتخابی مہم کے بارے میں عمران خان نے کہا کہ اب اطلاعات ہیں ہمارے امیدواروں اپنی انتخابی مہم میں قیدی نمبر 804 کی تصویر لگانے کی بھی اجازت نہیں ہے۔ بانی چیئر مین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ جو ناانصافی کی بات کرے وہ غدار نہیں ہوتا، میں نے الیکشن کمیشن کو آرٹیکل 6 لگانے کی دھمکی نہیں دی، 1977 میں ذوالفقار علی بھٹو کے خلاف صرف ایک امیدوار کو اٹھایا گیا یہاں تو پوری پارٹی اٹھا لی گئی ہے، جنرل قمر باجوہ نے میری پیٹھ میں چھرا گھونپا میں نے نہیں۔

سرگودھا، ایس پی محمد اظہر یعقوب نے ریجنل انوسٹی گیشن برانچ کا چارج سنبھال لیا

انہوں نے اپنے دفتری عملہ کے ساتھ تعارفی ملاقات کی اور جملہ امور کی بریفنگ لی

سرگودھا) رانا اسلم شاہین بیورو چیف (سرگودھا، ایس پی محمد اظہر یعقوب نے ریجنل انوسٹی گیشن برانچ کا چارج سنبھال لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی محمد اظہر یعقوب نے نئی جائے تعیناتی پر اپنے عہدہ کا چارج سنبھال لیا۔ انہوں نے اپنے دفتری عملہ کے ساتھ تعارفی ملاقات کی اور جملہ امور کی بریفنگ لی۔ سال 2023 کے دوران ریجنل انوسٹی گیشن برانچ کو تبدیلی تفتیش کی کل 293 درخواستیں موصول ہوئی جن میں سے 268 درخواستوں کو یکسو کیا گیا جبکہ 48 مقدمات کی ازسرِ نو تفتیش مکمل کی گئی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تمام درخواستوں کو ان کی حساسیت مدِ نظر رکھتے ہوئے بروقت یکسو کرنا میری اولین ترجیح ہے۔ خوش اخلاقی کو اپنا شعار بنائیں۔ محنت اور لگن سے اپنے فرائض سرانجام دیں۔ انہوں نے زیرِ تفتیش مقدمات کو ان کے تمام پہلوؤں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے میرٹ پر بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

سرگودھا، آزاد امیدواروں کے اتحاد نے سیاسی جماعتوں میں کھلبلی مچا دی

مہر ذوالقرنین عطار اور حافظ حامد علی ڈوگر NA84 اور PP75 میں ایک دوسرے کے دست و بازو بن گئے



سرگودھا) بیورو چیف (سرگودھا، آزاد امیدواروں کے اتحاد نے سیاسی جماعتوں میں کھلبلی مچا دی۔ تفصیلات کے مطابق مہر ذوالقرنین عطار اور حافظ حامد علی ڈوگر NA84 اور PP75 میں ایک دوسرے کے دست و بازو بن گئے ہیں گذشتہ روز ایک میٹنگ کے دوران مہر ذوالقرنین عطار نے کہا کہ سرگودھا شہر کو 76 سال بعد بھی قدیم طرز کا شہر کہا جا رہا ہے جبکہ سرگودھا پاکستان کا دفاعی قلعہ ہے جس کا رول ماڈل ہونا ضروری ہے سابقہ تمام سیاستدان پورے شہر میں نہ تبدیلی لائے ہیں اور نہ کوئی صحت کا نظام۔ ٹریفک کی روانی سے لیکر سیوریج زدہ آلودہ پینے کے پانی تک اور کھنڈرات نما گلیاں سب کچھ سابقہ منتخب سیاستدانوں کی عوام دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے، اس موقع پر حافظ حامد علی ڈوگر نے کہا کہ ہم سابقہ سیاستدانوں کے انسانیت سوز سلوک کی مذمت کرتے ہوئے NA 84 اور 75 PP میں ملکر ان کرپٹ سیاستدانوں کا مقابلہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ سرگودھا کی عوام ہمارے انتخابی نشان حقہ اور فریج پر مہر لگا کر اپنے حقوق حاصل کریں۔

جماعت اسلامی ملک میں صحیح معنوں میں اسلامی انقلاب لانا چاہتی ہے، ڈاکٹر اعجاز علی چشتی

احمد پورسیال) تحصیل رپورٹر (حلقہ پی پی 130 سے جماعت اسلامی کے نامزد امیدوار ڈاکٹر اعجاز علی چشتی نے احمد پورسیال میں محمد عمران بھٹہ کی رہائش گاہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ملک میں صحیح معنوں میں اسلامی انقلاب لانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ ضمیر کی آواز اور قوم کی امانت ہے "زندہ ضمیر" کبھی نااہل قیادت کا انتخاب کر کے اپنا ووٹ ضائع نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ کی امانت کو گرخیانت سے بچانا ہے تو ہر امیدوار کو ہر لحاظ سے پرکھنا ضروری ہے۔ قیادت کی کسوٹی پر پورا اترنے والا اور عوامی امنگوں کا ترجمان ہی ووٹ کا اصل حق دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کو ہار جیت سے کوئی سروکار نہیں اس جماعت کے ہر امیدوار کا انتخابات میں حصہ لینے کا مقصد صرف یہ ہے کہ حق بات کہنے والوں کا ساتھ دینے والے کتنے ہیں۔

پاکستان ن لیگ تحصیل وسٹی چک جھمرہ کے کارکنان نے نجی میرج ہال میں پاکستان مسلم لیگ ن اور استحکام پاکستان پارٹی کے اعزاز میں ایک ظہرانہ کا اہتمام کیا

چک جھمرہ) مودی انصاری(پاکستان ن لیگ تحصیل وسٹی چک جھمرہ کے کارکنان نے نجی میرج ہال میں پاکستان مسلم لیگ ن اور استحکام پاکستان پارٹی کے مشترکہ امیدواران این اے 95 ازاد علی تبسم اور پی پی 98 حاجی محمد اجمل چیمہ سابق صوبائی وزیر کے اعزاز میں ایک ظہرانہ کا اہتمام کیا جس میں دونوں جماعتوں کے کارکنان شہریوں اور مختلف برادریوں کے رہنماں نے شرکت کی ظہرانہ سے خطاب کرتے ہوئے دونوں رہنماں کا کہنا تھا کہ شہریوں نے پہلے بھی ہمیں بے پناہ محبت دی اور اپنے ماتھے کا جھومر بنایا ہم نے وسائل کے اندر رہتے ہوئے شہر کی تعمیر وترقی اور خوبصورتی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جس میں ہم کافی حد تک کامیاب بھی رہے پاکستان اس وقت نازک حالات سے گزر رہا ہے صرف اور صرف میاں نواز شریف ہی ملک کو بچا سکتے ہیں اور معیشت بہتر کر سکتے ہیں اس لیے جس طرح سابقہ اوقات میں اپ لوگوں نے ہمیں ووٹ دیے محبت کی اج ہم اس سے زیادہ اپ سے پیار ومحبت کی توقع رکھتے ہیں اس موقع پر مرکزی انجمن تاجران، انصاری، ملک، رحمانی، رانا، موچی اور دیگر برادریوں نے متوقع طور پر دونوں رہنمائں کی ووٹ اور سپورٹ کا اعلان کیا اس پروگرام میں خصوصی طور پر نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد دیکھنے میں نظر ائی شہریوں کا کہنا تھا کہ دونوں رہنما بھاری اکثریت سے حلقہ سے کامیاب ہوں گے

دی پنجاب پراونشل کوآپریٹو بنک لمیٹڈ چک جھمرہ برانچ میں وزیر اعظم کسان پیکیج کے تحت تحصیل چک جھمرہ میں مارک اپ سبسڈی سکیم کے تحت 7 فیصد مارک اپ کے ساتھ ٹریکٹرز ڈلیور کیے گئے

TRACTORS DELIVERY
By:
The Honourable Chief
ahid M lik

چک جھمرہ)نمائندہ خصوصی (دی پنجاب پراونشل کوآپریٹو بنک لمیٹڈ چک جھمرہ برانچ میں وزیراعظم کسان پیکیج کے تحت تحصیل چک جھمرہ میں مارک اپ سبسڈی سکیم کے تحت 7 فیصد مارک اپ کے ساتھ ٹریکٹرز ڈلیور کیے گئے۔ تقریب کے مہمان خصوصی جناب شاہد ملک) ہیڈ، (BDD مہر نور محمد خان زونل ہیڈ فیصل آباد، اور ڈپٹی زونل ہیڈ فیصل آباد محمد امجد تبسم تھے۔ تحصیل چک جھمرہ میں عمر لیاقت اور محمد اسلم خان کو ٹریکٹرز ڈلیور کیے گئے۔ اس موقع پر برانچ مینیجر چک جھمرہ سید عمیر محسن، ACRO اشتیاق احمد ہندل صاحب اور مارکیٹنگ مینیجر ملت سالار ٹریکٹر میاں یاسین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر Head BDD جناب شاہد ملک نے زونل ہیڈ اور برانچ سٹاف کی کارکردگی کو بھرپور سراہا۔

ڈویژنل وضلعی انتظامیہ اور وفاقی حکومت کے باہمی اشتراک سے سرگودھا میں نارنگی میلہ کی دوروزہ تقریبات کا آغاز آج 18 جنوری سے ہوگا

UNITY FAITH DISCIPLINE

سرگودھا) بیورو چیف رانا اسلم شاہین (ڈویژنل وضلعی انتظامیہ اور وفاقی حکومت کے باہمی اشتراک سے سرگودھا میں نارنگی میلہ کی دوروزہ تقریبات کا آغاز آج 18 جنوری سے ہوگا۔ اس ضمن میں ایک جائزہ اجلاس منگل کے روز کمشنر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت ان کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی، ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے توقیر حیدر کاظمی، چیف انجینئر انہار صداقت لطیف، پرو وائس چانسلر جامعہ سرگودھا ڈاکٹر پروفیسر محمد یسین اور وفاقی وزارت قومی ورثہ کے عہدیداران سمیت سرکاری محکموں کے ڈویژنل سربراہان، کینو کے کاشتکاروں و ایکسپورٹرز، ایوان صنعت وتجارت کے عہدیداران اور مختلف بینکوں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نارنگی میلہ کی رنگارنگ تقریبات سرگودھا آرٹس کونسل کمپلیکس میں منعقد ہوں گی۔ جس میں مختلف ممالک کے سفیر، وفاقی وزرا اور سینٹرز سمیت دیگر اہم شخصیات کو مدعو کیا گیا ہے۔ میلے میں مختلف اداروں، کینو کے کاشتکاروں اور ایکسپورٹرز کی جانب سے سٹالز لگائے جائیں گے۔ فضل جٹ، شوکت ڈھولیہ اور بخشی برادران سمیت دیگر فنکار اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ جس میں لڈی، بھنگڑا، مشاعرہ اور قوالی سمیت دیگر رنگا رنگ پروگرام شامل ہیں۔ 30 سے زائد دستکار نمائشی سٹال لگائیں گے۔ فیسٹیول میں فوڈ سٹالز اور نارنگی کے جوس سمیت دیگر مصنوعات کی بھی نمائش کی جائے گی۔ تمام سرکاری ونیم سرکاری اداروں، سکولز، کالجز، یونیورسٹیز، بازاروں اور مارکیٹوں سمیت شہر بھر کو نارنگی فیسٹیول کے حوالے سے سجایا جائیگا اور دو دن شہر بھی میں ہر طرف کینو کی تشہیر کی جائے گی۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی نے کہا کہ نارنگی سرگودھا کی پہچان وشناخت ہے۔ نارنگی فیسٹیول کا بنیادی مقصد مقامی مالٹے کی بین الاقوامی سطح پر برانڈنگ کرنا ہے۔ انہوں نے تمام سرکاری ونجی اداروں اور شہریوں پر زور دیا کہ وہ اس اہم میلے کی اونر شپ لیں اور اپنی زیادہ سے زیادہ نمائندگی یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری اداروں میں بھی دو دن نارنگی فیسٹیول منایا جائیگا۔ انہوں نے خصوصی بچوں سمیت دیگر تعلیمی اداروں کے بچوں کی اس فیسٹیول میں شرکت کو یقینی بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

جمعیت علما اسلام تحصیل احمد پورسیال کے زیر اہتمام گذشتہ روز گڑھ موڑ میں ایک علما کنونشن تحصیل امیر مولانا اشرف وینس کی صدارت میں منعقد ہوا

احمد پورسیال) تحصیل رپورٹر (جمعیت علما اسلام تحصیل احمد پورسیال کے زیر اہتمام گذشتہ روز گڑھ موڑ میں ایک علما کنونشن تحصیل امیر مولانا اشرف وینس کی صدارت میں منعقد ہوا۔ کنونشن سے جے یو آئی کے رہنماں شیخ الحدیث مولانا عبدالرحیم، مولانا قاری محمد طارق، مولانا عسکری جٹ، مہر حامد بھڑانہ سیال ودیگر نے خطاب کیا۔ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے جے یو آئی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے ممبر شہباز گجر ایڈووکیٹ نے کہا کہ جب تک مڈل کلاس کے باشعور لوگ اسمبلیوں میں نہیں پہنچے گے اس وقت تک ملک میں کوئی تبدیلی نہیں آسکتی۔ عوام کی واحد امید جمعیت علما اسلام ہے۔ پورے ملک کی طرح ضلع جھنگ میں بھی ہم اپنے امیدواروں کی مہم تیز کر رہے ہیں جے یو آئی برسراقتدار آ کر جاگیر داروں پر معقول شرح سے ٹیکس نافذ کرے گی اور ٹیکس نیٹ ورک کا دائرہ وسیع کر کے ملک سے سودی نظام معیشت کا خاتمہ کیا جائے گا اور یکساں نظام نصاب تعلیم و نظام تعلیم نافذ کیا جائے گا۔ لہذا 8 فروری کے انتخابات میں عوام جے یو آئی کے امیدواروں کو ووٹ دیں۔ اس موقع پر جے یو آئی کے امیدوار حلقہ این اے 108 مولانا محمد ریاض اور حلقہ پی پی 129 کے امیدوار یونس طیب ایڈووکیٹ بھی موجود تھے

قصور اور اسکے گردونواح سے متعدد وارداتوں میں نامعلوم ڈاکو لاکھوں روپے کیش رقم، ٹریکٹر، لاکھوں روپے کا سامان، موبائل فون، مال مویشی ودیگر قیمتی سامان لوٹ کر موقع سے فرار

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری سے (قصور اور اسکے گردونواح سے متعدد وارداتوں میں نامعلوم ڈاکو لاکھوں روپے کیش رقم، ٹریکٹر، لاکھوں روپے کا سامان، موبائل فون، مال مویشی و دیگر قیمتی سامان لوٹ کر موقع سے فرار۔ تھانہ صدر قصور میں نامعلوم نے اطلاع دی ہے کہ میری دوکان سے بنوک اسلحہ کے زور پر نامعلوم ڈاکو 1.5 لاکھ روپے نقدی و دیگر سامان لوٹ کر لے گئے ہیں۔ تھانہ بی ڈویژن قصور میں نامعلوم نے اطلاع دی ہے کہ نامعلوم گھر سے 70 ہزار روپے کیش رقم و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گیا ہے۔ تھانہ صدر قصور میں نعیم نے اطلاع دی ہے کہ اٹھیل پور میرے گھر سے نامعلوم واٹر پمپ اور گیس سلنڈر چوری کر کے لے گیا ہے۔ تھانہ صدر چوکی میں رفیق نے اطلاع دی ہے کہ حبیب آباد کے قریب نامعلوم لٹیرے گن پوائنٹ پر 1.2 لاکھ روپے کیش، موبائل فون و دیگر سامان لوٹ کر لے گئے ہیں۔ تھانہ کوٹ رادھاکشن میں نامعلوم نے اطلاع دی ہے کہ گاں بت میرے گھر سے نامعلوم 30 من گندم چوری کر کے لے گئے ہیں۔ تھانہ تھہ شیخا میں سجاد علی نے اطلاع دی ہے کہ سہاری روڈ کے قریب نامعلوم گن پوائنٹ پر 80 ہزار روپے لوٹ کر لے گئے ہیں۔ تھانہ صدر چوکی میں صدام حسین نے اطلاع دی ہے کہ چک 6 کے قریب نامعلوم اسلحہ کی نوک پر 50 ہزار روپے لوٹ کر لے گئے ہیں۔ تھانہ کنگن پور میں یوسف نے اطلاع دی ہے کہ پل گھارا کے قریب نامعلوم ڈاکو اسلحہ سر پر تان کر 70 ہزار روپے کیش رقم ودیگر سامان لوٹ کر لے گئے ہیں۔ تھانہ صدر پھولنگر میں شفیق نے اطلاع دی ہے کہ بلوکی روڈ پر نامعلوم گن پوائنٹ پر 50 ہزار روپے کیش رقم لوٹ کر لے گیا ہے۔ تھانہ الہ آباد میں اکمل نے اطلاع دی ہے کہ چونیاں روڈ پر نامعلوم ڈاکو اسلحہ کے زور پر 50 ہزار روپے کیش ودیگر سامان لوٹ کر لے گئے ہیں۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج / جج فیملی کورٹ پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔دعوی واپسی سامان جہیز۔ عنوان۔ بشری شہزادی بنام حامد رضا۔ اخبار اشتہار بنام۔ حامد رضا ولد عمر دراز شہزاد قوم سپرا ساکن موضع میرک سیال تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعوی ہذا میں بتقرر 25/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب / تحصیلدار صاحب حلقہ تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ:

عنوان: تصدیق انتقال وراثت چکنمبر 434 ج ب تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ: ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ) متوفیہ حال خالدہ رحمان (عبدالرحمٰن زندہ، فاطمہ بی بی پہلے فوت شدہ، اکبر علی پہلے فوت شدہ، جبکہ فرخ الرحمٰن زندہ، قیصر رحمان زندہ فوزیہ رحمان زندہ، ظاہر کیے گے ہیں۔ ان کیعلاوہ اگر کوئی وارث ہونے کا دعویدار ہو یا کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر 7 سات یوم تحریری طور پر پیش عدالت زیر دستخطی کرے۔ بعد ازاں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج / جج فیملی کورٹ پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔دعوی تنسیخ نکاح بر بنائے خلع۔ عنوان۔ عظمی امانت بنام مجاہد عباس۔ اخبار اشتہار بنام۔ مجاہد عباس ولد لیاقت قوم نٹ سکنہ DHA فیز III لاہور مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعوی ہذا میں بتقرر 26/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج / جج فیملی کورٹ پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔دعوی واپسی سامان جہیز۔ عنوان۔ بشری شہزادی بنام حامد رضا۔ اخبار اشتہار بنام۔ حامد رضا ولد عمر دراز شہزاد قوم سپرا ساکن موضع میرک سیال تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعوی ہذا میں بتقرر 25/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج / جج فیملی کورٹ پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔دعوی تنسیخ نکاح بر بنائے خلع۔ عنوان۔ عظمی امانت بنام مجاہد عباس۔ اخبار اشتہار بنام۔ مجاہد عباس ولد لیاقت قوم نٹ سکنہ DHA فیز III لاہور مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعوی ہذا میں بتقرر 26/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب محمد عامر سلطان کلاچی صاحب جج فیملی کورٹ / گارڈین جج گجرات

درخواست برائے حصول سرٹیفکیٹ گارڈین زیر دفعہ 7 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ درخواست برائے حصول اجازت بابت حصول دستاویزات پاسپورٹ، سمارٹ کارڈ، ب فارم وغیرہ عنوان: پلوشہ عارف دختر عارف سعید سکنہ سعید بلڈنگ ریلوے روڈ مکان نمبر 16/677 گجرات بنام عوام الناس اشتہار: عوام الناس ہر گاہ درخواست عنوان بالا میں نابالغہ کی دستاویزات (پاسپورٹ، سمارٹ کارڈ، ب فارم وغیرہ) بنوانے کی اجازت طلب کی گئی ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ آئندہ تاریخ پیشی 1 18-01-2024 بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔

بعدالت جناب میڈم شازیہ چیمہ صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گجرات

اپیل دیوانی عنوان: زاہد بنام فہمیدہ جبین وغیرہ اشتہار بنام: شبانہ کوثر بیوہ نصیر احمد، عمران خاں پسران، فائزہ دختر محمد اقبال ساکنائے کالرہ پنواں، زاہد ولد رفیق ساکن محلہ فتوپورہ، محمود احمد کھوکھر ولد رشید احمد سکنہ محلہ قانون گویاں نزد دربار والی مسجد گجرات، ایاز ولد عنایت اللہ سکنہ محلہ رتیاں والی گلی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ حال کالرہ، وحید اکبر ولد محمد اکبر سکنہ اچھر کے شادیوال، عرفان احمد ولد محمد حنیف سکنہ چھتی گلی ڈنگہ تحصیل کھاریاں، جاوید اقبال عرف جاوید انور ولد محمد انور محلہ سال انڈسٹریز تحصیل و ضلع گجرات ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 18-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

لیسکو کی انسداد بجلی چوری مہم کے 130 روز مکمل، سہولت کاری پر 2 اہلکار معطل

چوبیس گھنٹوں کے دوران 393 کنکشنز بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 158 درخواستیں، 17 ملزمان کو گرفتار کیا گیا

لاہور) خبر نگار (لیسکو کی انسداد بجلی چوری مہم کو 130 روز مکمل، اب تک کی کارروائیوں میں 44 ہزار سے زائد ملزمان بجلی چوری کرتے پکڑے گئے، وزارت توانائی پاور ڈویژن کی ہدایت کے مطابق چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کی زیر نگرانی بجلی چوروں کیخلاف آپریشن جاری ہے۔ 130 روز سے جاری انسداد بجلی چوری مہم کے دوران اب تک 16967 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، مجموعی طور پر 44729 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 44278 کنکشن کیخلاف ایف آئی آر کی درخواستیں جمع کروائی گئیں جن میں سے 41834 درخواستیں رجسٹرڈ ہو چکی ہیں۔ بجلی چوروں کو اب تک 65358325 (چھ کروڑ ترپن لاکھ اٹھاون ہزار تین سو پچیس (یونٹس چارج کئے گئے ہیں جن کی مالیت 2543190689 (دو ارب چون کروڑ اکتیس لاکھ نوے ہزار چھ سو نواسی روپے (ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریجن بھر میں 393 کنکشنز بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، تمام بجلی چوروں کے خلاف ایف آئی آرز کی درخواستیں متعلقہ تھانوں میں دائر کی گئیں جس میں سے 158 درخواستیں رجسٹرڈ ہو چکی ہیں جبکہ 17 ملزم کو گرفتار بھی کر لیا گیا ہے۔ پکڑے جانے والے کنکشنز میں 11 کمرشل، 3 زرعی اور 379 ڈومیسٹک تھے۔ تمام کنکشنز منقطع کر کے ان کو 354961 (تین لاکھ چون ہزار نو سو اکسٹھ (یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے ہیں جن کی مالیت 14742406 (ایک کروڑ سنتالیس لاکھ بیالیس ہزار چار سو چھ (روپے ہے۔ بجلی چوروں کیخلاف کئے جانے والے آپریشن میں بڑے کمرشل صارفین بھی بجلی چوری میں ملوث پائے گئے۔ ان تمام کے کنکشنز بھی منقطع کئے گئے اور ان کو ڈیٹیکشن یونٹس چارج کئے گئے۔ مناواں کے علاقے میں کنکشن کو 825478 روپے، مناواں کے ہی علاقہ میں کنکشن کو 731150 روپے، جوہر ٹاؤن علاقے میں کنکشن کو 250000 روپے اور اسلام پورہ کے علاقے میں ایک کنکشن کو 200000 روپے چارج کیے گئے ہیں۔ واضح رہے بجلی چوروں کیخلاف آپریشنز وفاقی پاور ڈویژن کی جانب سے دی گئی ہدایات کے مطابق کیئے جا رہے ہیں اور چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر بذات خود ان آپریشنز کی نگرانی کر رہے ہیں۔ لیسکو چیف کا کہنا ہے کہ بجلی چوری کے مکمل خاتمے تک بلاتفریق گرینڈ آپریشن جاری رہے گا۔ آپریشن کے دوران بجلی چوروں کے ساتھ ساتھ ان کی سرپرستی کرنیوالے لیسکو افسران و ملازمین کو بھی قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ دوسری جانب فیصل ٹاؤن سب ڈویژن کے دو اہلکاروں کو بجلی چوری میں سہولت کاری کرنے پر معطل کر دیا گیا ہے۔ ایس ڈی او نے ٹیم کے ہمراہ ایک سنوکر کلب پر چھاپہ مارا، میٹر مشکوک ہونے پر لیبارٹری چیک کروایا گیا۔ مزید تحقیقات کرنے پر میٹر ریڈر محمد نعیم اور اہلکار کامران اکمل بجلی چوروں معاون ثابت ہوئے جس پر انہیں معطل کر کے دونوں اہلکاروں سمیت دو بجلی چور میاں یوسف اور محمد فیصل کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ بجلی چوروں کو 27 لاکھ روپے کا ڈیٹیکشن بل جرمانے کے طور پر جاری کر دیا گیا۔

بعدالت جناب میاں محمد امجد صاحب نائب تحصیلدار / سرکل آفیسر ریونیو قانونگوئی موضع کھڈیاں قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی چراغدین ولد رانجھا ھے کا انتقال وراثت رقبہ واقع موضع صاحبہ تحصیل و ضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والد ۔والدہ۔ بیوہ متوفی تینوں پہلے فوت شدہ ہیں۔ محمد صدیق۔ محمد رفیق۔ محمد اسحاق۔ عارف پسران متوفی زندہ۔ صدیقہ بی بی دختر زندہ ھے اِسکیعلاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتا یا وکالتا دائر کر سکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول جج پاکپتن

،عنوان مقدمہ: رفیہ پروین، بنام: محمد جاوید ولد اعظم علی قوم بھٹہ سکنہ ڈاک خانہ ملکہ ہانس اراضی ٹیک چند تحصیل و ضلع پاکپتن، دعوی: تنسیخ نکاح۔ ہرگاہ مقدمہ میں مدعاعلیہ / مدعاعلیہم کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 22-01-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتا وکالتا حاضر عدالت پیروی وجواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول جج پاکپتن

،عنوان مقدمہ: فضل عباس ولد اللہ دتہ ذات چھینہ سکنہ فرید کوٹ تحصیل و ضلع پاکپتن، بنام: عوام الناس، درخواست گارڈین، بنام: عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ بالا عنوان میں عوام الناس کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 23-01-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتا وکالتا حاضر عدالت پیروی وجواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج / جج فیملی کورٹ پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی جعفر علی ولد قاسم علی جو کہ لاولد فوت شدہ ھے کا انتقال وراثت رقبہ واقع موضع سجرہ تحصیل و ضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں قاسم علی والد۔ نور بی بی والدہ۔ سردار بی بی بیوہ متوفی تینوں پہلے فوت شدہ۔ دیگر وارثان میں سید بی بی ہمشیرہ زندہ۔ عاشق علی چچا متوفی پہلے فوت شد۔ صوباں بی بی۔ عزیزاں بی بی پھوپھیاں متوفی دونوں پہلے فوت شدہ۔ محمد مختار زندہ ھے اسکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت اسسٹنٹ
ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز / نائب
تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع کوٹ خان تحصیل و ضلع جھنگ ۔ ہرگاہ خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) رب نواز ولد نور محمد قوم بلوچ کے وارثان نور محمد، فاطمہ والدین پہلے فوت شد۔ ساجی بی بی بیوہ بعد فوت شد۔ شوکت حیات، اللہ دتہ خان، لیاقت علی خان، نیک احمد، محمد نصیر، کوثر بی بی، نسیم بی بی، رضیہ بی بی، سلمہ بی بی پسران و دختران زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائیگا۔

بقیہ بقیہ جات 9

گھیراؤ پر اکسانے کیوجہ سے جیل میں بند ہیں، اس طرح کے رویے سے قانون سے نمٹا جاتا ہے، جیسا کہ امریکا میں کیپیٹل ہل پر حملے میں ملوث افراد کے ساتھ سلوک کیا گیا۔ بے گناہ لوگ نہیں بلکہ جلاؤ گھیراؤ میں ملوث لوگ جیل میں ہیں

بقیہ بقیہ جات 10

پر کوئی کام نہیں ہورہا۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ ملکی ترقی کے لیے بہتر کام کریں گے، دیوالیہ ہوجاتے تو روٹی تو دور ادویات تک نہ مل پاتیں، الیکشن کی آمد آمد ہے 8 فروری کو عوام اپنے ووٹ سے فیصلہ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات

ریمانڈ پر اڈیالہ جیل روانہ کردیا گیا۔ پولیس پرائیویٹ کار میں شیخ رشید کو لے کر اڈیالہ جیل روانہ ہوئی۔ راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سابق وفاقی وزیر شیخ رشید کو جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیجنے کا حکم دیا۔ تھانہ نیوٹاؤن پولیس کی جانب سے شیخ رشید کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی تھی۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پولیس کی استدعا مسترد کردی۔ وکیل صفائی نے کہا تھا کہ پولیس نے شیخ رشید کے مختلف جلسوں کے بیانات چلائے، پولیس کی طرف سے چلائے گئے بیانات دھرنے اور گجرانوالہ جلسے کے تھے، پولیس کی طرف سے چلایا گیا شیخ رشید کا کوئی بیان 9 مئی کا نہیں۔ عدالتی فیصلے کے بعد بستر، سگار، لباس و دیگر سامان شیخ رشید کے حوالے کردیا گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز شیخ رشید کی نیوٹاؤن تھانے کے مقدمے میں ضمانت خارج ہونے کے بعد انہیں راولپنڈی میں عدالت سے گرفتار کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 12

رپورٹ کے مطابق پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے آذربائیجان کی سرکاری کمپنی سے ایل این جی کا دوسرا کارگو خرید لیا ہے۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں بتایا گیا کہ دوسرے کارگو کے ذریعے ایل این جی کی فراہمی آئندہ ماہ فروری میں ہوگی۔ واضح رہے کہ پہلے کارگو کے تحت پاکستان کو دسمبر میں ایل این جی کی فراہمی کی گئی تھی۔ اعلامیے کے مطابق ایل این جی کارگو حکومتی سطح پر فریم ورک معاہدے کے تحت خریدا گیا ہے، آذربائیجان کی سرکاری کمپنی سوکر مائع قدرتی گیس کارگو فراہم کرے گی۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال پاکستان نے آذربائیجان کے ساتھ سستی ایل این جی خریدنے کا معاہدہ کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 13

تک گئے لیکن اپنے پڑوسی ممالک کا دورہ تک نہیں کیا۔ انہوں نے ایران سے متعلق کہا کہ پاکستان کو وہ جواب دینا چاہیے جو کوئی بھی خودمختار ملک دراندازی کے خلاف دیے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری فارن پالیسی بہترین تھی، تمام ممالک سے اچھے تعلقات تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم الیکشن کا بائیکاٹ نہیں کریں گے، بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ کئی لوگوں کو کاغذات نامزدگی جمع کروانے کا موقع نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات صاف اور شفاف ہونے چاہئیں، جب الیکشن ہوں تب زور زبردستی والے راستے اختیار نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے سپریم کورٹ ایسے احکامات جاری کرے گی، انتخابی نشان لینے پر ہم نظر ثانی اپیل دائر کریں گے

بعدالت جناب میڈم عاصمہ سعید
صاحبہ جج فیملی کورٹ گجرات

دعوی: تنسیخ نکاح بربنائے خلع عنوان: خدیجہ خادم بنام محمد ایاز اشتہار بنام: محمد ایاز ولد محمد صدیق ساکن مکان نمبر A-172 سٹریٹ نمبر 1 کشمیر کالونی ضلع منڈی بہاؤالدین ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 17-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب عبدالقدیر بٹ
صاحب سینئر سول جج (فیملی
ڈویژن) ٹوبہ ٹیک سنگھ

(درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین) عنوان: تجسیم اختر بیوہ عبدالرشید نسیم سکنہ چک نمبر 284 گ ب دین پور تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس وغیرہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا نے درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین عدالت ہذا میں دائر کی ہے۔ اگر عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر اعتراض ہوتو مقررہ تاریخ 25-01-2024 کو بوقت 08:00 بجے عدالت حاضر آویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی آج بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب محمد عرفان
صاحب جج فیملی کورٹ ملتان

عنوان: مسماۃ عاصمہ بی بی بنام محمد شبیر دعوی: تنسیخ نکاح بنام محمد شبیر ولد ملک محمد بشیر احمد قوم بھٹی سکنہ کوکا کولا فیکٹری روڈ چھلی والا ملتان ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 20/01/2024 کو بوقت صبح 9 بجے اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کریں عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ مہر عدالت ۔۔۔ دستخط حاکم

بعدالت جناب سیدہ بانو بخاری
صاحبہ سول جج فیملی کورٹ وہاڑی

نوعیت: دعوی تنسیخ نکاح صائمہ غفار بنام کرامت علی بنام کرامت علی ولد عبدالرزاق ذات انصاری سکنہ چک نمبر 297/EB تحصیل بوریوالہ ضلع وہاڑی ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 20-01-2024 کو بوقت 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اور عذر قابل قبول / سماعت نہ ہوگا۔ مہر عدالت دستخط

بعدالت جناب محترم شہروز
شاہین رانجھا صاحب فیملی کورٹ
سول جج فیصل آباد

دعوی: تنسیخ نکاح وغیرہ عنوان: سویرا ارشد وغیرہ بنام آصف امین اشتہار بنام۔ آصف امین ولد محمد امین ساکن گلی پائپ والی بیکو پور عثمان کالونی گجرانوالہ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 22.01.2024 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بقیہ بقیہ جات 14

کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کے خلاف درخواستیں خارج کردیں

بقیہ بقیہ جات 15

کے فروغ کے حوالے سے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ گلگت بلتستان گلبر خان نے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کو گلگت بلتستان کے انتظامی امور سمیت درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کرتے ہوئے

بعدالت جناب عرفان اعوان
صاحب جج فیملی کورٹ ملتان

شائلہ شوکت ولد شوکت حسین سنہ پنجاب سال انڈسٹریز، مکان نمبر 318E محلہ کواپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی ملتان وغیرہ بنام عوام الناس درخواست گارڈین بنام۔ ہرگاہ مقدمہ میں بنام عوام الناس کو مطلع کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے۔ لہذا اخبار اشتہار بذریعہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24-01-2024 کو صبح 9:00 بجے اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کریں عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط حاکم ....مہر عدالت

اطلاع عام

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں مسمی محمد عمران خان ولد احمد خان سکنہ بھکر روڈ بستی صالحوں شاہ جھنگ صدر میسرز زم زم رائس ملز سکندر آباد نواں کوٹ روڈ تحصیل اٹھارہ ہزاری ضلع جھنگ میں شراکت دار ہوں اور اب میں نے مل مذکورہ میں شراکت داری ختم کردی ہے لہذا آج کے بعد مل مذکورہ سے متعلق کسی قسم کے لین دین کا میں ذمہ دار نہ ہونگا۔ اگر اس کے بارے کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر رابطہ کریں۔ المشتہر محمد عمران خان ولد احمد خان سکنہ بھکر روڈ بستی صالحوں شاہ جھنگ صدر

بعدالت جناب تحصیلدار
صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 1536 وراثت موضع ناتوکے کے تحت سائل کا والد ذوالفقار خان ولد ستار خان کا فوت ہونا مورخہ درج 14/02/2000 ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں اقبال بی بی والدہ نسرین بیگم بیوہ سفیان علی پسر بردئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
تحصیل سانگلہ ہل ضلع ننکانہ
صاحب

اشتہار وراثتی انتقال ہرگاہ خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی الیاس مسیح ولد برکت مسیح ساکن چک 42 تحصیل سانگلہ ہل جو کہ قضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے، جس کا سرٹیفکیٹ لف ہے جس کا وراثتی انتقال ہونا لازمی ہے جس کا رقبہ چک 42 میں واقع ہے۔ جس کے بازگشت وارثان میں برکت مسیح پہلے فوت شدہ۔ گریس بی بی پہلے فوت شدہ۔ صارقین زندہ۔ اور افضال الیاس کو زندہ ظاہر کیا گیا ہے۔ لہذا اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اخبار اشتہار کے 7 یوم کے اندر متعلقہ ادارے سے رجوع کرے بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب شہزاد اختر
صاحب جج فیملی کورٹ ساہیوال

دعوی تنسیخ نکاح۔ سعدیہ بنام شہزاد ولد محمد صادق سکنہ پیپلز کالونی سوئی گیس روڈ نزد نوید ہائی سکول بالمقابل نور الہدی لاہور ہرگاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 2024-1-31 کو بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عزر قابل سماعت نہ ہوگا

بعدالت جناب محترم شہروز
شاہین رانجھا صاحب فیملی کورٹ
سول جج فیصل آباد

دعوی: تنسیخ نکاح عنوان: ردا افتخار بنام محمد آفاق شاہد اشتہار بنام۔ محمد آفاق شاہد ولد محمد شاہد ساکن مکان نمبر 248/6 محلہ شریف پورہ حافظ اباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 13.02.2024 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب چوہدری محمد
فیاض صاحب سول جج صاحب
سمندری ضلع فیصل آباد

دعوی توثیق قبضہ ۔ بعنوان: وسیم ارشد وغیرہ بنام مقصود احمد وغیرہ ۔ اشتہار بنام مقصود احمد ولد اصغر علی سکنہ محلہ اسلام پورہ ضیا مارکیٹ رجانہ روڈ سمندری ضلع فیصل آباد ، طارق محمود ولد اسماعیل قوم آرائیں سکنہ چک نمبر 324 ج ب تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بذریعہ مختار عام مقصود احمد مدعا علیہ ۔1 ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 22-01-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب چوہدری محمد فیاض
صاحب سول جج صاحب سمندری
ضلع فیصل آباد

دعوی توثیق قبضہ ۔ بعنوان: پرویز احمد بنام گل ناصف ۔ اشتہار بنام گل ناصف ولد افتخار حسین قوم گجر ساکن چک نمبر 171 گ ب بہو تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہوئی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 15-02-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوکر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

پاکستان سے کلاشنکوف کلچر کو ختم کرنا ہوگا: چیف جسٹس

سپریم کورٹ پاکستان نے ملک بھر میں ممنوعہ اسلحے کے کتنے لائسنس جاری ہوئے اس حوالے سے متعلقہ حکام سے تمام تفصیلات طلب کرلیں

ہم سیکرٹری داخلہ کو لکھ دیتے ہیں تمام کلاشنکوف اور ان کے لائسنس واپس کریں، سکول اور بازار جاؤ تو لوگ کلاشنکوف لیکر کھڑے نظر آتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا ہے کہ پاکستان سے کلاشنکوف کلچر کو ختم کرنا ہوگا۔ سپریم کورٹ میں چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے چوری کے الزام میں نامزد ملزم کاشف کی ضمانت کے کیس کی سماعت کی۔ سپریم کورٹ پاکستان نے ملک بھر میں ممنوعہ اسلحے کے کتنے لائسنس جاری ہوئے اس حوالے سے متعلقہ حکام سے تمام تفصیلات طلب کرلیں جبکہ سیکرٹری داخلہ، تمام صوبائی ہوم (بقیہ نمبر34)

سرائیکستان قومی کونسل کی

پاکستان میں ایرانی حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سرائیکستان قومی کونسل ظہور دھریجہ نے پاکستان میں ایرانی حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اندرونی او ربیرونی مسائل کے حل کیلئے حکومت قومی کانفرنس بلا کر سرائیکی جماعتوں سمیت سب کو شرکت کی دعوت دے تاکہ متحد ہو کر عالمی سازشوں کو ناکام بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار سرائیکستان قومی کونسل کے چیئرمین ظہور دھریجہ نے سابق صدر ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن ملتان سید اطہر بخاری، سینئر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ ملک نعیم اقبال، ملک جاوید چنڑ ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 45)

لاہور: مسلم لیگ ن کے نائب صدر حمزہ شہباز کو حاجی امداد حسین گلدستہ پیش کررہے ہیں

یونائیٹڈ نے اپنی موٹر سائیکلوں

کی قیمتوں میں بھاری اضافہ کردیا

لاہور (این این آئی) یونائیٹڈ موٹر سائیکل پاکستان نے 2024ء کے آغاز میں سب سے پہلے اپنی موٹر سائیکلوں کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق یونائیٹڈ نے نئے سال کے آغاز کے ساتھ ہی اپنی موٹر سائیکلوں کی قیمتوں میں تقریباً 18 ہزار روپے تک کا اضافہ کر دیا ہے جس کا اطلاق 9 جنوری سے کر دیا گیا ہے۔ یونائیٹڈ کی یو ایس 70 (الائے رم) کی قیمت میں پانچ ہزار روپے اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد نئی قیمت ایک لاکھ 14 ہزار 500 روپے ہوگئی ہے

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات اور زوال ہیں' مقررین

حج و عمرہ زائرین کی سہولت کیلئے حکومت سعودی عرب اور پاکستان ہر ممکن کوشش کررہی ہے

لاہور (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت حج و عمرہ کے تحت ہونے والی کانفرنس کے فیصلوں کی مکمل تائید کرتے ہیں، خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان کی سرپرستی میں ولی عہد امیر محمد سلمان کے ویژن 2030 سے حجاج وزائرین کو مزید سہولتیں پیدا ہوں گی، طریق مکہ پروگرام حجاج کرام کے لئے عظیم سہولت ہے یہ بات حج آرگنائزیشن پنجاب) ہوپ (کے زیر اہتمام ہونے والی تعظیم (بقیہ نمبر 35)

پنجاب میں بھل صفائی کا کام 51 فی صد مکمل کرلیا گیا

منگلا اور تربیلا کمانڈ کی نہروں میں بھل صفائی بھرپور طریقے سے جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ آبپاشی نے بھل صفائی کی مہم کے پہلے مرحلے میں صوبے کی نہروں کی بھل صفائی کا کام 51 فی صد مکمل کرلیا۔ ترجمان آبپاشی نے بتایا کہ اس وقت پنجاب بھر میں محکمہ کی ٹیمیں منگلا اور تربیلا کمانڈ کی نہروں کی بھل صفائی اور کناروں کی بحالی کا کام اپنے شیڈول کے مطابق کررہی ہیں۔ اس وقت صوبے بھر کی 455 منتخب نہروں میں سے 354 نہروں پر کام جاری ہے باقی نہروں (بقیہ نمبر36)

صوبائی وزیر ایس ایم تنویر سے لمز یونیورسٹی کی طالبات کی ملاقات

2 تا 4 فروری تک منعقد ہونے والے ایونٹ میں ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر سے لمز یونیورسٹی کی طالبات نے ٹیوٹا سیکرٹریٹ میں ملاقات کی۔ چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر ریٹائرڈ محمد ساجد کھوکھر، سی او او ٹیوٹا، سینئر ڈی جی اور متعلقہ افسران بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں لمز یونیورسٹی میں سٹوڈنٹ رن سوسائٹی انڈیکس کے زیر اہتمام تین روزہ لاہور ڈیزائن فیسٹیول پر بات چیت ہوئی۔ صوبائی وزیر صنعت (بقیہ نمبر 37)

پولیس کے بنیادی ورکنگ یونٹ تھانہ

کا نظام چلانے میں محرر اور نائب محرران

کا کردار کلیدی ہے' آئی جی پنجاب

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے صوبے کے تمام تھانوں کے محرر اور نائب محرران کے نام ویڈیو پیغام جاری کیا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا ہے کہ پولیس فورس کا بنیادی ورکنگ یونٹ تھانہ ہے جس کا نظام چلانے میں محرر اور نائب محرر کا کردار بنیادی نوعیت کا حامل ہے، آئی جی پنجاب نے کہا کہ ایس ایچ اوز کی بھرپور (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد: چیئرمین قومی تقریبات کمیٹی کرنل وقار احمد اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کارکن بلاول بھٹو کو پنجاب سے جتوا کر وزیراعظم بنائیں گے: زرداری

ہمارا سفر لمبا ہے، 40 سال سے سیاست کررہے ہیں، آپ لوگوں نے ہمیشہ ہمیں پیار دیا، ہم ورکروں کی خواہشوں پر چلتے ہیں

مجھے جیل جانے کا شوق نہیں، ورکرز کا خیال ہوتا ہے، ورکرز کا یقین ہوتا ہے کہ میں لڑوں گا جھکوں گا نہیں، سابق صدر

لاہور (سپیشل رپورٹر) پیپلزپارٹی کے شریک چیئرمین اور سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پیپلزپارٹی کے کارکن بلاول بھٹو کو پنجاب سے جتوا کر وزیراعظم بنائیں گے۔ پیپلزپارٹی کے شریک چیئرمین اور سابق صدر آصف علی زرداری نے این اے 127 لاہور میں انتخابی دفتر کے افتتاح کے بعد خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا سفر لمبا ہے، 40 سال سے سیاست کر رہے ہیں، آپ لوگوں نے ہمیشہ ہمیں پیار دیا، ہم ورکروں کی خواہشوں پر چلتے ہیں۔ (بقیہ نمبر 43)

لیسکو نے 67919 ڈیفالٹرز سے

1 ارب 99 کروڑ روپے سے زائد کی ریکوری کرلی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی نادہندگان سے ریکوری مہم کو 125 روز مکمل ہوگئے مہم کے دوران 67919 ڈیفالٹرز سے 1 ارب 99 کروڑ روپے سے زائد کی ریکوری کر لی گئی۔ ترجمان لیسکو کے مطابق نادرن سرکل میں 9520 نادہندگان سے 269.81 ملین روپے، ایسٹرن سرکل میں 8985 نادہندگان سے 491.70 ملین، سینٹرل سرکل میں 7746 نادہندگان سے 258.18 ملین، ساؤتھ سرکل میں 13951 نادہندگان سے (بقیہ نمبر 42)

لاہور: ریلوے اسٹیشن پر سامان اٹھانے والے قلی مسافروں کے انتظار میں بیٹھے ہیں

کراچی، ایران سے ہدایات

لینے والے تین مشتبہ بھتہ خور گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی میں پولیس اور رینجرز نے ایران سے ہدایات لینے والے تین مشتبہ بھتہ خوروں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق پاکستان رینجرز اور پولیس نے مشترکہ طور پر گارڈن کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے دو مشتبہ بھتہ خوروں کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان شہر میں بھتے سے متعلق سرگرمیوں کے لیے ایران میں مقیم اپنے ساتھیوں سے ہدایات لے رہے تھے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے گارڈن میں خفیہ اطلاع پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے نور محمد اور عیسی نامی دو ملزمان کو (بقیہ نمبر41)

کراچی، انٹر میں فیل ہونے والے طلبا نے بڑا مطالبہ کردیا

فی پرچہ چار سو روپے فیس جمع کرانی ہے، سکروٹنی فیس فوری معاف کی جائے

کراچی (این این آئی) انٹر میں فیل ہونے والے طلبا نے مطالبہ کیا ہے کہ فی پرچہ 400 روپے اسکروٹنی فیس ہے، معاف کی جائے۔ کراچی میں انٹر سال اول کے نتائج 2023 پر طلبہ نے عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اسکروٹنی۔ فیس فوری معاف کی جائے، فی پرچہ چار سو روپے فیس جمع کرانی ہیں۔ طالب علموں نے کہا کہ انٹر سال اول کے ہزاروں طلبہ کو اسکروٹنی کرانی ہے (بقیہ نمبر 38)

شیخوپورہ میں کلہاڑی

کے وار سے 2 افراد قتل

شیخوپورہ (این این آئی) شیخوپورہ میں نامعلوم ملزمان نے کلہاڑیوں کے وار کرکے 2 افراد کو موت کی گھاٹ اتار دیا۔ پولیس نے بتایا کہ قتل کا واقعہ نواحی گاں ایشر کے میں پیش آیا ہے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم ملزمان نے سوتے ہوئے 2 افراد کو کلہاڑیوں کے وار کرکے بیرحمی سے قتل کردیا۔ مقتولین کی شناخت اللہ دتہ اور محمد حسین کے نام سے ہوئی ہے، لاشیں تحویل میں لے کر واقعے کی تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بجلی چوری میں سہولت کاری کرنے پر 2 لیسکو اہلکار معطل

دونوں معطل اہلکاروں سمیت 4 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے ایس ڈی او فیصل ٹاؤن نے کارروائی کرتے ہوئے بجلی چوری میں سہولت کاری کرنے پر 2 لیسکو اہلکاروں کو معطل کردیا، دونوں معطل اہلکاروں سمیت 4 ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانے میں مقدمہ درج کروادیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ایس ڈی او فیصل ٹاؤن نے سنوکر کلب پر چھاپہ مار کر مشکوک میٹر کو قبضے میں لیا۔ لیب ٹیسٹنگ کے دوران (بقیہ نمبر 39)

خزانے سے متعلق خواب نے 71 سالہ شہری کی جان لے لی

جوا پیمنٹا خزانے کی تلاش میں کھودے گئے گہرے گڑھے میں گر کر ہلاک

مینا س جیرائس (این این آئی) کچن کے نیچے دفن شدہ خزانے کے بارے میں خواب دیکھنے والا برازیلین شہری اپنے ہی ہاتھوں کھودے گئے گڑھے میں گر کر ہلاک ہوگیا۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق برازیل کی میونسپلٹی اپاٹینگا سے تعلق رکھنے والے 71 سالہ جوا پیمنٹا نے خواب دیکھا تھا کہ ان کے گھر کے باورچی خانے کے زیر زمین بہت سا سونا دفن ہے جسے پانے کیلئے انہوں نے وہاں گڑھا (بقیہ نمبر 40)

لاہور: چیمبر آف کامرس کے صدر رانا کاشف انور چینی قونصل جنرل ژاؤ شرین کو یادگار شیلڈ پیش کررہے ہیں

تمام شہری اپنا ڈرائیونگ لائسنس لازمی بنوائیں' وزیر ٹرانسپورٹ

حکومت اور عوام ملکر لوگوں کی جان و مال کو محفوظ بنا سکتے ہیں' ابراہیم حسن مراد

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ ابراہیم حسن مراد نے عوام سے اپیل کی کہ اپنا ذمہ دار شہری ہونیکا فرض نبھائیں اور ڈرائیونگ لائسنس لازمی بنوائیں۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ پنجاب بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کی نئی فیسوں کا اطلاق ہوگیا ہے اور پنجاب حکومت نے عوام کو ریلیف دیتے ہوئے نئی فیسوں کا اطلاق 16 جنوری سے کردیا جبکہ اس ضمن میں ہوم ڈیپارٹمنٹ سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری ہوگیا ہے۔ ابراہیم حسن مراد نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ہر ایک کے پاس ڈرائیونگ لائسنس ہونا چاہیے تاہم حکومت اور عوام ملکر لوگوں کی جان و مال کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔ ابراہیم حسن مراد نے عوام سے اپیل کی کہ بنا لائسنس اپنے بچوں کو کوئی بھی گاڑی وغیرہ نہ چلانے (بقیہ نمبر 46)

گورنر بلیغ الرحمٰن نے بطور چانسلر یونیورسٹیوں کی مختلف سمریوں پر احکامات جاری کردیئے

پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کو گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی اور سرگودھا یونیورسٹی کا عرصہ تین سال کیلئے سنڈیکیٹ کا ممبر نامزد

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے بطور چانسلر یونیورسٹیوں کی مختلف سمریوں پر احکامات جاری کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے بطور چانسلر پنجاب کی جامعات کی مختلف سمریوں پر احکامات جاری کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران وائس چانسلر محمد نواز شریف یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ملتان کو گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی اور سرگودھا یونیورسٹی کا عرصہ تین سال کے لیے سنڈیکیٹ کا ممبر نامزد کردیا جبکہ پروفیسر حمیرا امجید خان، ڈین فیکلٹی آف فارماسوٹیکل اینڈ الائیڈ سائنسز کو لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کا عرصہ تین سال کے (بقیہ نمبر 47)

لاہور: پاکستان پیپلزپارٹی کے ڈیجیٹل میڈیا ہیڈ شرجیل انعام میمن میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

عوامی خدمت کرکے دکھائیں گے' ہمایوں اختر خان

رنگ و نسل، کسی برادری کی تفریق کے بغیر علاقے کی ترقی پر توجہ مرکوز کریں گے' این اے 97 میں انتخابی مہم

ہمایوں اختر کے صاحبزادے قاسم اختر خان بھی والد کی انتخابی مہم میں شامل، مختلف علاقوں کا دورہ

فیصل آباد/ تاندلیانوالہ/ ماموں کانجن (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر و حلقہ این اے 97 سے امیدوار ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ انتخابات میں عوام کی بھرپور حمایت سے کامیابی حاصل کرکے ایک لمحہ ضائع کئے بغیر علاقے کی ابتر حالت میں بہتری کے لئے اقدامات کا آغاز کریں گے، ان شاء اللہ عوام کو ہماری اور دہائیوں سے نمائندگی کے دعویداروں کی کارکردگی میں واضح فرق نظر آئے گا، حلقے کی عوام سے جو وعدے کررہے ہیں ان پر پہرہ دیں گے اور دعویٰ ہے اس علاقے (بقیہ نمبر48)

چینی قونصل جنرل کا ماحولیاتی ٹیم کے ہمراہ لاہور چیمبر کا دورہ

ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے صنعتی شعبہ کی کاوشیں لائق تحسین ہیں' صدر لاہور چیمبر کاشف انور

لاہور (این این آئی) چینی قونصل جنرل ژاؤ شیریں کی قیادت میں چینی ماحولیاتی ماہرین کے ایک وفد نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور سے ماحولیاتی مسائل پر تفصیلی بات چیت کی۔ اس موقع پر انوائرمنٹ انجینئرنگ اسیسمنٹ سنٹر چائنہ کی ژو ہائی ہونگ، ڈی جی انوائرمنٹ ڈیپارٹمنٹ ظہیر عباس ملک، لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر ظفر محمود چوہدری اور (بقیہ نمبر49)

ملکی ترقی کیلئے نواز شریف بہت ضروری ہے' چوہدری برجیس طاہر

8 فروری کو عوام گھروں سے باہر نکل کر شیر پر مہر لگائیں' رہنما (ن) لیگ کا خطاب

سانگلہ ہل (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و امیدوار حلقہ این اے 111 چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ ملکی مسائل کے حل کے لئے نواز شریف کا وزیراعظم بننا بہت ضروری ہے، ملک کی ترقی کے لیے نواز شریف بہت ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی الیکشن مہم کے دوران حلقہ کے مختلف دیہاتوں ڈیرہ بلھیل سنگھ ڈیرہ بخشیاں ڈگری ہنجلی سرا والی بھلیر چھور کوٹلی (بقیہ نمبر50)

پی پی 166 سے پی ٹی آئی کے ٹکٹ ہولڈر خالد گجر لاہور سے گرفتار

خالد گجر کو 9 مئی کے مقدمے میں دوبارہ گرفتار کیا گیا، شناخت پریڈ پر جیل بھیج دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کی نشست پی پی 166 سے پی ٹی آئی کے ٹکٹ ہولڈر خالد گجر کو لاہور سے گرفتار کرلیا گیا، انسداد دہشت گردی عدالت نے ملزم کو 14 روزہ شناخت پریڈ پر جیل بھیج دیا۔ پولیس حکام کے مطابق خالد گجر کو 9 مئی کے گلبرگ تھانے کے مقدمے 1271/23 میں گرفتار کیا گیا۔ خالد گجر کی کچھ عرصہ قبل زمان پارک کے باہر جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں ضمانت ہوئی تھی۔

ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی مقامی پیداوار میں اضافہ

مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں پٹرولیم مصنوعات کی مقامی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 6.49 فیصد کی نمو دیکھنے میں آئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی مقامی پیداوار میں جاری مالی سال کے دوران اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعدادوشمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں پٹرولیم مصنوعات کی مقامی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 6.49 فیصد کی نمو دیکھنے میں آئی ہے۔ اعدادوشمار کے مطابق جولائی سے نومبر تک کی مدت میں مٹی کے تیل کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں 6.40 فیصد، پٹرول 5.18 فیصد، ہائی سپیڈ ڈیزل 12.52 فیصد، ڈیزل آئل 40.08 فیصد، فرنس آئل 14.73 فیصد اور ایل پی جی کی پیداوار میں 4.43 فیصد کا اضافہ ہوا۔

جدید ای پروکیورمنٹ سسٹم کے حوالے سے خصوصی ٹریننگ سیشن کا انعقاد

ایم ڈی پیپرا وقار عظیم نے سینئر پولیس افسران کو ای پروکیورمنٹ سسٹم کے فیچرز اور استعمال بارے آگاہی دی

پنجاب حکومت ای پروکیورمنٹ پراجیکٹ کے تحت تمام سرکاری اداروں کی پروکیورمنٹ کو آن لائن کررہی ہے' وقار عظیم

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب کے جدید ای پروکیورمنٹ سسٹم کے حوالے سے سنٹرل پولیس آفس میں ایک روزہ خصوصی ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا، ایم ڈی پیپرا وقار عظیم نے سینئر پولیس افسران کو ای پروکیورمنٹ سسٹم کے فیچرز اور استعمال بارے آگاہی دی۔ سنٹرل پولیس آفس سمیت لاہور پولیس کے سینئر افسران، یونٹ سربراہان اور ڈی آئی جیز نے ٹریننگ سیشن میں شرکت کی جبکہ صوبے کے تمام آر پی اوز، سی پی اوز اور ڈی پی اوز بھی بذریعہ ویڈیو لنک ٹریننگ سیشن میں شریک ہوئے۔ ایم ڈی پیپرا وقار عظیم نے ٹریننگ سیشن میں افسران کو بتایا کہ پنجاب حکومت ای پروکیورمنٹ پراجیکٹ کے (بقیہ نمبر 51)

KASUR
DISTRICT

قصور: ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مٹی سے بجلی حاصل کرنے والا نیا آلہ دریافت

نئی ٹیکنالوجی بجلی کا پائیدار اور قابلِ تجدید متبادل پیش کرسکتی ہے، سائنسدان

منیسوٹا (این این آئی) سائنس دانوں نے ایک نئی قسم کا فیول سیل بنایا ہے جو مٹی سے لامحدود مقدار میں بجلی حاصل کرسکتا ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے نے بتایا کہ امریکا کی نارتھ ویسٹرن یونیورسٹی کی ایک ٹیم کے مطابق کتاب کے سائز کے اس یونٹ کو کاشتکاری میں استعمال کیے جانے والے سینسرز کو توانائی دینے کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ ٹیکنالوجی مٹی میں قدرتی طور پر موجود بیکٹیریا سے بجلی بنا کر کام کرتے ہوئے زہریلی اور آتش گیر بیٹریوں کا پائیدار اور قابلِ تجدید متبادل پیش کرسکتی ہے۔

چین کے جی ڈی پی میں 5.2 فیصد کا ریکارڈ اضافہ

2023 میں ملک کا جی ڈی پی 126058.2 ارب یوآن رہا، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) ریاستی کونسل کے انفارمیشن آفس نے 2023 میں قومی معیشت کی ترقی کے بارے میں ایک پریس کانفرنس کی۔ بدھ کے روز ابتدائی اعدادوشمار کے مطابق 2023 میں ملک کا جی ڈی پی 126058.2 ارب یوآن رہا جو مستقل قیمتوں پر گزشتہ سال کے مقابلے میں 5.2 فیصد زیادہ ہے۔ 2023 میں ملک کی اناج کی مجموعی پیداوار 695.41 ملین ٹن رہی جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 8.88 ملین ٹن کے اضافے کے ساتھ 1.3 فیصد زیادہ ہے۔ 2023 کے لئے کنزیومر پرائس انڈیکس) سی پی آئی (میں پچھلے سال کے مقابلے میں 0.2 فیصد کا اضافہ ہوا۔

وزیر ہاؤسنگ سید اظفر علی ناصر کا کمشنر و

ڈی جی ایل ڈی اے کے ہمراہ

تاجپورہ سپورٹس کمپلیکس کا دورہ

لاہور (این این آئی) نگران وزیر ہاؤسنگ پنجاب سید اظفر علی ناصر نے گزشتہ روز کمشنر و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کے ہمراہ تاجپورہ سپورٹس کمپلیکس کا دورہ کیا۔ ڈائریکٹر سپورٹس اور پراجیکٹ ڈائریکٹر نے سپورٹس کمپلیکس کے تمام سیکشنز بارے بریفنگ دی۔ تاجپورہ سپورٹس کمپلیکس 8 کنال پر تعمیر کیا گیا ہے۔ کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا نے صوبائی وزیر کو سپورٹس کمپلیکس کے آپریشنل و انتظامی امور بارے بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ مرد و خواتین (بقیہ نمبر55)

لاہور بار الیکشن میں فائرنگ کا معاملہ،

نامزد 7 وکلاء مقدمے سے ڈسچارج

لاہور (این این آئی) لاہور بار کے الیکشن میں فائرنگ کے واقعہ میں نامزد 7 وکلاء کو مقدمے سے ڈسچارج کر دیا گیا۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے کیس کی سماعت کی، وکلا کو دو روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد مقدمے میں نامزد وکلاء کو ڈسچارج کرنے کا حکم دیا، مقدمے سے ڈسچارج ہونے والوں میں محمد عرفان، محمد عثمان، (بقیہ نمبر 54)

پنجاب حکومت نے آنکھوں کے

انجکشن سے بینائی جانے کے

اسکینڈل کی تحقیقاتی رپورٹ مکمل کرلیں

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ساڑھے تین ماہ بعد آنکھوں کے انجکشن سے بینائی جانے کے اسکینڈل کی تحقیقاتی رپورٹ مکمل کر لی۔ تحقیقاتی رپورٹ میں ڈرگ کنٹرولرز، سرکاری ملازمین کے خلاف الزامات ثابت ہوگئے۔ تحقیقاتی رپورٹ وزیراعلیٰ پنجاب کو جمع کرادی گئی جبکہ پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کا آغاز کردیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 18 ڈرگ کنٹرولرز، ڈپٹی ڈرگ (بقیہ نمبر 53)

ریکوڈک بلوچستان کیلئے گیم چینجر

پراجیکٹ ہے، صدر بیرک گولڈ کارپوریشن

اسلام آباد (این این آئی) بیرک گولڈ کارپوریشن کے صدر اور چیف ایگزیکٹو مارک برسٹو نے کہا ہے کہ ریکوڈک بلوچستان کے لیے گیم چینجر پراجیکٹ ہے۔ نجی ٹی وی کو ایک انٹرویو کے دوران مارک برسٹو نے کہا کہ اگلے 8 سالوں میں 10 ارب ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری ریکوڈک گولڈ اور کاپر پراجیکٹ علاقے کی معاشی صورتحال کو یکسر تبدیل کرکے رکھ دے گا۔ مارک برسٹو نے ریکوڈک منصوبے پر بلوچستان کے لیے گیم چینجر قرار دیتے (بقیہ نمبر 52)

لاہور میں چیز لینے گئی کمسن

بچی کو نامعلوم ملزم اغوا کرکے لے گیا

لاہور (این این آئی) نواں کوٹ میں دکان سے بسکٹ لینے کے لیے گئی پانچ سالہ بچی کو نامعلوم ملزم اغواء کرکے لے گیا۔ نواں کوٹ میں پانچ سالہ بچی آرزو ساجد کے اغوا کا واقعہ پیش آیا ہے، بچی چیز لینے کے لیے دکان گئی جہاں اسے نامعلوم ملزم اٹھا کرلے گیا، بچی کو اغوا کرکے لے جانے والے ملزم کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آ گئی۔ ویڈیو میں ملزم کو بچی کو اٹھا کر لے جاتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے، نواں کوٹ پولیس نے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے، ملزم کی واضح فوٹیج سامنے آنے کے باوجود بھی انویسٹی گیشن پولیس ملزمان تک نہ پہنچ سکی۔

جہانیاں، خاتون ٹرین کی زد

میں آکر جاں بحق ہوگئی

جہانیاں (این این آئی) نواحی علاقہ چک 106 موڑ کے قریب خاتون ٹرین کی زد میں آکر جاں بحق ہوگئی۔ تفصیل کے مطابق کراچی سے سیالکوٹ جانے والی 9 اپ علامہ اقبال ایکسپریس جہانیاں سے گزر رہی تھی کہ چک 106 دس آر کے قریب خاتون ٹرین کی زد میں آکر موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی ٹرین کو چند منٹ کیلئے روک دیا گیا جبکہ اطلاع پر ریسکیو 1122 اور ریلوے پولیس پہنچ گئی۔

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

FPCCI
PAPGAI
ROUND TABLE DISCUSSION ON PACKAGING SECTOR

لاہور: ایف پی سی آئی ریجنل چیئرمین ذکی اعجاز کا ریجنل آفس لاہور میں پیکیجنگ سیکٹر کے ''چیلنجز اور مواقع'' کے موضوع پر راؤنڈ ٹیبل ڈسکشن کے موقع پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

چینی ماہرین ماحولیات کے وفد کی سیکرٹری بلدیات احمد جاوید قاضی سے ملاقات

ملاقات میں سموگ، ماحولیاتی آلودگی کے حوالے سے درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (این این آئی) سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا ہے کہ سموگ کے خاتمے کے لیے اصل وجوہات کو جاننا ہوگا اور اس سلسلے میں چینی ماہرین ماحولیات کی تجاویز اور تعاون فائدہ مند ثابت ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے چینی ماہرین ماحولیات کے وفد سے ملاقات کرتے (بقیہ نمبر56)

علامہ مسعود الرحمٰن عثمانی کے قتل میں بیرونی ہاتھ ملوث ہونیکا انکشاف

انٹیلی جنس بیورو کا راولپنڈی، اسلام آباد اور منڈی بہاؤالدین میں بڑا آپریشن، قتل میں ملوث مزید 2 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں علامہ مسعود الرحمٰن عثمانی کے قتل میں بیرونی ہاتھ ملوث ہونے کا انکشاف ہوا، انٹیلی جنس بیورو نے راولپنڈی، اسلام آباد اور منڈی بہاؤالدین میں بڑا آپریشن کر کے قتل میں ملوث مزید 2 ملزمان گرفتار کرلئے گئے، ملزمان کا تعلق مبینہ طور پر ایک طلبہ تنظیم سے (بقیہ نمبر57)

لاہور: ایک محنت کش بھٹی میں بھونے گئے چنے چھان رہا ہے

چائینہ اور پنجاب کے ماحولیاتی ماہرین کا مشترکہ اجلاس

حکومت پنجاب نے ماحولیاتی مسائل کے حل کیلئے چائینہ کے تجربہ سے فائدہ اٹھانے کا فیصلہ

ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لیے پاکستان کی بھرپور مدد کریں گے' قونصل جنرل چائینہ ژا شیرین

لاہور (این این آئی) قونصل جنرل چائینہ ژا شیرین نے ماہرین ماحولیات کے ہمراہ پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ بورڈ کا دورہ کیا اور وہاں چیرمین پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ بورڈ پنجاب افتخار علی سہو کے ہمراہ پنجاب اور چائینہ کے ماحولیاتی ماہرین کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں چائینہ سے آئے ماہرین ماحولیات کے علاوہ سیکرٹریز زراعت، ماحولیات، ٹرانسپورٹ، ممبران پی اینڈ ڈی بورڈ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں چائینہ سے آئے ماہرین کو ماحولیاتی مسائل کے حل کے لیے حکومت پنجاب کے اقدامات بارے تفصیلا بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 58)

لاہور: امریکی سفارتخانے کے پولیٹیکل سیکرٹری رابرٹ کین کا قائمقام صدر پیپلزپارٹی وسطی پنجاب رانا فاروق سعید و دیگر کے ساتھ ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

کلین گرین کرپشن فری پاکستان کی بات کروں گا: سراج الحق

اقتدار میں آکر کرپٹ عناصر کو چوکوں، چوراہوں میں نشان عبرت بنائیں گے، ہم خلافت کا نظام قائم کریں گے

ہم انگریز کے مسلط نظام کو تبدیل کریں گے، ہم قران پاک کا نظام قائم کریں گے، ہم قرآن کے مطابق عدل وانصاف کا نظام قائم کریں گے

فورٹ عباس (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ اقتدار میں آکر کرپٹ عناصر کو چوکوں، چوراہوں میں نشان عبرت بنائیں گے۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ کلین گرین اور کرپشن فری پاکستان کی بات کروں گا، آپ کے پاسپورٹ کی اہمیت پوری دنیا میں ہو، ایک خوشحال پاکستان کی بات کروں گا، 8 فروری کے بعد جماعت اسلامی کیسا پاکستان بنائے گی۔ سراج الحق نے کہا کہ ہم خلافت کا نظام قائم کریں گے، (بقیہ نمبر 59)

اماراتی باشندے نے 8 پاکستانی و بھارتی باشندوں کی جان بچالی

کشتی الٹنے پر اپنے ساتھ دو فشنگ ورکرز کی مدد سے جان بچائی، اماراتی شہری

ابوظہبی (این این آئی) یو اے ای کے باشندے نے بروقت ریسکیو آپریشن کے ذریعے 8 پاکستانی و بھارتی باشندوں کی جان بچالی، شکار کیلئے نکلنے والے یہ تمام غیرملکی کرائے کی کشتی الٹنے پر جان بچانے کے لیے سمندر میں ہاتھ پاوں مار رہے تھے۔ عیسی محمد الفلاسی نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ میں دبئی کی الحمریہ پورٹ سے شکار کے لیے نکلا تھا۔ بہت دور میں نے ایک شخص کو لائف جیکٹ میں دیکھا۔

لاہور: محنت کش پھیری لگا کر خریدے گئے توڑے ترتیب سے رکھ رکھے ہوئے ہیں

فوجی طاقت کی عالمی رینکنگ میں امریکا پہلے نمبر پر

روس دوسرے، چین تیسرے جبکہ پاکستان نویں نمبر پر ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) مجموعی فوجی قوت کے معاملے میں امریکا دنیا بھر میں کہیں بھی تیزی سے کارروائی کرنے کی صفت کے ساتھ اب بھی سب سے آگے ہے۔ گلوبل فائر پاور رینکنگ میں امریکا، روس اور چین پہلی تین پوزیشنز کے حامل ہیں۔ ٹاپ ٹین میں پاکستان بھی شامل ہے جو نویں نمبر پر ہے۔ بھارت کا چوتھا نمبر ہے۔ ترکیہ آٹھویں نمبر پر ہے۔ تیرہویں، چودھویں اور پندرھویں نمبر پر انڈونیشیا (بقیہ نمبر60)

غزہ میں فلسطینی جنگجو دوبارہ پھیل رہے ہیں، امریکی تنظیم

جبالیہ اور غزہ کے اردگرد فلسطینی گروپوں کے نئے حملے ہورہے ہیں، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) امریکی تنظیم انسٹی ٹیوٹ فار دی اسٹیڈی آف وار کریٹیکل تھریٹس پروجیکٹ نے رپورٹ میں کہا ہے کہ شمالی غزہ کے علاقوں میں فلسطینی جنگجو دوبارہ پھیل رہے ہیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فلسطینی جنگجوؤں نے شمالی غزہ میں دوبارہ دراندازی کی، فلسطینی جنگجوؤں نے اسرائیلی فورسز پر حملے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اس حوالے سے رپورٹ میں کہا گیا ہے (بقیہ نمبر61)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں